www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

UPSC CSE 2020 MAINS PAPER 6 JANUARY 17, 2021 URDU OPTIONAL PAPER - I QUESTION PAPER

# اردو

## پرچہ—I

## (ادب)

کل مارکس : 250

مقررہ وقت : 3 گھنٹے

### سوالات سے متعلق خصوصی ہدایات

### برائے مہربانی ذیل کی ہر ہدایت کو ، جواب لکھنے سے سے پہلے توجہ سے پڑھ لیں

اس پرچے میں آٹھ سوالات پوچھے جا رہے ہیں۔ ہر سوال دو حصوں میں تقسیم ہے۔

امیدوار کو کُل پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔

سوال نمبر **1** اور **5** لازمی ہیں اور باقی سوالات میں سے تین (3) کا جواب لکھنا ہے مگر ہر حصہ سے کم از کم ایک ایک سوال کرنا ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر اس کے سامنے درج کر دیے گئے ہیں۔

جواب ہر صورت میں اردو میں ہی لکھے جائیں گے۔

اگر کسی سوال کے جواب کے لیے الفاظ کی تعداد کی شرط لگا دی گئی تو اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جوابات کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ کوئی جواب کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو ، اگر کسی سوال کا کوئی حصہ بھی جواب کے لیے منتخب کیا گیا ہے تو اسے سوال کا جواب ہی تصور کیا جائے گا۔

اگر کسی صفحہ یا صفحے کے کسی حصے کو خالی چھوڑنا مقصود ہے تو اسے صفائی کے ساتھ کاٹ کر مسترد کرنا ضروری ہے۔

---

# URDU

## PAPER—I

## ( LITERATURE )

Time Allowed : Three Hours

Maximum Marks : 250

### QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS

**Please read each of the following instructions carefully before attempting questions**

There are EIGHT questions divided in two Sections.

Candidate has to attempt FIVE questions in all.

Question Nos. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, THREE are to be attempted choosing at least ONE question from each Section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in URDU (Urdu script).

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

## SECTION—A

1۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے :

10×5=50

(a) قدیم ہند آریائی دور میں کون کون سی بولیاں اور زبانیں رائج تھیں؟

(b) پنجابی اور اردو میں لفظی اور صوتی اعتبار سے کیا اشتراک پایا جاتا ہے؟

(c) اردو زبان کے مختلف ناموں اور ان کی وجہ تسمیہ پر روشنی ڈالئے۔

(d) مراٹھی اور اردو کے لسانی رشتے کی وضاحت کیجئے۔

(e) اردو حروف تہجی کی درجہ بندی کیجئے۔

2۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) اردو زبان کے آغاز کے متعلق مسعود حسین خاں کے نظریے کی تائید یا تردید میں اپنے خیالات پیش کیجئے۔ 20

(b) اردو مصمتوں اور مصوتوں کی درجہ بندی کن امور پر مبنی ہے؟ وضاحت سے لکھئے۔ 15

(c) اردو کے آغاز و ارتقا کا سلسلہ ہندوستان میں مسلمانوں کی آمد سے جوڑنا لسانی اعتبار سے کہاں تک حق بجانب ہے؟ مدلل لکھئے۔ 15

3۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) دکنی کی لسانی ، صوتی اور صرفی و نحوی خصوصیات لکھئے۔ 20

(b) ان صوفیائے کرام کی خدمات کا جائزہ لیجئے جن کا دکنی کے ارتقا میں اہم حصہ ہے۔ 15

(c) ان اسباب و عوامل کا احاطہ کیجئے جو دکن میں اردو کے فروغ کا باعث بنے۔ 15

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

4۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) اردو زبان کے آغاز کے بارے میں علمائے ادب کے پیش کردہ نظریات پر اظہار خیال کیجئے۔ 20

(b) اردو صوتی نظام کے پیش نظر اردو رسم الخط کی خوبیوں اور خامیوں پر روشنی ڈالئے۔ 15

(c) وسطی ہند آریائی دور میں کن بولیوں کو عروج حاصل ہوا ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ 15

## SECTION—B

5۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے۔ 10×5=50

(a) اردو میں رباعی کے آغاز و ارتقا کا جائزہ لیجئے۔

(b) اردو غزل میں مستعمل چند علامتوں پر روشنی ڈالئے۔

(c) ''جدیدیت ، ترقی پسند تحریک کی توسیع ہے۔'' اس قول کی تائید یا تردید میں اپنے خیالات پیش کیجئے۔

(d) اردو میں ڈرامے کی عدم مقبولیت کے اسباب کیا ہیں؟

(e) آزادی کے بعد اردو افسانے کے اہم رجحانات پر روشنی ڈالئے۔

6۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ''سرسید تحریک کا فکری سلسلہ ہندوستانی تہذیب و تاریخ کی اہم منزلوں سے جڑا ہوا ہے۔'' اس اجمال کی تفصیل لکھئے۔ 20

(b) اردو میں ترقی پسند تحریک نے کس صنف ادب کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے؟ مدلل لکھئے۔ 15

(c) رومانی تحریک نے اردو شعر و ادب کو کن جہتوں سے متاثر کیا؟ مثالوں کے ساتھ جواب لکھئے۔ 15

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

7۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) ادب میں تنقید کی اہمیت و افادیت بیان کیجیے۔ کیا تنقید کو تخلیق کا درجہ دیا جا سکتا ہے؟ 20

(b) نفسیاتی تنقید کیا ہے؟ یہ فن پارے کی فنی قدر و قیمت متعین کرنے میں کس حد تک معاون ہو سکتی ہے؟ 15

(c) مولانا حالؔی نے مقدمہ شعر و شاعری میں مرثیہ پر کیا تنقید کی ہے؟ وضاحت سے روشنی ڈالیے۔ 15

8۔ حسبِ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) 'اردو زبان اور قومی یک جہتی' اس موضوع پر اپنے تاثرات قلمبند کیجیے۔ 20

(b) 'اظہار رائے کی آزادی' اس عنوان پر اظہار خیال کیجیے۔ 15

(c) 'ادب کی قدریں (values)' اس عنوان پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔ 15

★★★